# India and Pakistan exchanged list of Nuclear Installations

January 01, 2021

-------------------------------------------------------------------------------------------------------------

## ہندوستان اور پاکستان نے ایٹمی تنصیبات کی فہرست کا تبادلہ کیا

01 جنوری، 2021

ہندوستان اور پاکستان کے مابین سفارتی چینلز کے ذریعے بیک وقت نئی دہلی اور اسلام آباد میں جوہری تنصیبات اور سہولیات کی فہرست کا تبادلہ کیا گیا، جسے بھارت اور پاکستان کے مابین ایٹمی تنصیبات اور سہولیات کے خلاف حملہ پر پابندی کے معاہدے کے تحت شامل کیا گیا ہے۔

اس معاہدے کے تحت، جس پر 31 دسمبر 1988 کو دستخط کیا گیا تھا، اور 27 جنوری 1991 کو عمل میں لایا گیا تھا، بھارت اور پاکستان، ایک دوسرے کو، اور دوسری باتوں کے علاوہ، ان ایٹمی تنصیبات اور سہولیات کے بارے میں بتاتے ہیں جو کہ اس معاہدے کے تحت شامل ہیں۔ اس سال فہرست کا تبادلہ دونوں ممالک کے مابین اس طرح کا مسلسل تیسواں تبادلہ ہے، اور اس طرح کا پہلا تبادلہ 01 جنوری 1992 کو ہوا تھا۔

**نئی دہلی**

**01 جنوری، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.